12/01/2025

07.40 PM

**Signature Tune**

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے۔

اب آپ شیخ تجمل سے خبریں سُنئے

ہیڈ لائنز

☆..........وزیر اعظم نریندر مودی کے کل کے وادی دورے کیلئے حفاظت سمیت سبھی انتظامات مکمل// سونہ مرگ ٹنل کا افتتاح کر کے قوم کے نام کریں گے وقف۔

☆..........سوامی وویکا نند کی جینتی پر ملک آج منا رہا ہے نوجوانوں کا قومی دن// وزیر اعظم نے کہا نوجوانوں کی طاقت جلد ہی بنائے گا بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک۔

☆..........جموں وکشمیر کی مساوی وہمہ جہت ترقی سرکار کی اعلیٰ ترجیحات میں شامل// نائب وزیر اعلیٰ سُریندر چودھری۔

اور

☆..........امور نوجوان کے وزیر ستیش شرما کی نئی دلی میں کھیلوں کے مرکزی وزیر منسکھ مانڈویا کے ساتھ ملاقات// جموں وکشمیر میں کھیل کود کے شعبے سے جڑے معاملات پر کیا تبادلہ خیال۔

PM

وزیراعظم نریندرمودی کل گاندربل ضلع کے سیاحتی مقام سونمرگ میں اہم سونمرگ ٹنل کا افتتاح کر کے اسے قوم کے نام وقف کریں گے۔ پہلے زیڈ موڑ ٹنل کے نام سے جانے، جانے والی یہ نئی تعمیر کردہ سونمرگ ٹنل زیر تعمیر زوجیلا ٹنل کے ذریعے لداخ خطے کو وسطی کشمیر کے گاندربل ضلعے کے ساتھ جوڑے گی۔ شُٹ کڑی سونمرگ میں افتتاحی تقریب پر دیگر شخصیات کے علاوہ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراؤں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری، سائنس وٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ، سڑک ٹرانسپورٹ کے مرکزی وزیر مملکت اجے ٹامٹا، جموں وکشمیر کے لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا، وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور سرینگر کے ممبر پارلیمنٹ آغا سید روح اللہ مہدی موجود رہیں گے۔

وزیراعظم کے وادی دورے کے سلسلے میں دیگر انتظامات سمیت حفاظت کے کڑی انتظامات کئے گئے ہیں۔ حفاظتی عملے نے وادی کشمیر میں تلاشی کی کاروائی میں تیزی لائی ہے جبکہ حساس علاقوں اور مختلف ناکوں نیز اہم بین ضلعی کراسنگ پر اضافی سکیورٹی اہلکار تعینات کئے گئے ہیں تاکہ کوئی بھی ناخوشگوار واقع پیش نہ آسکے۔ کل کی افتتاحی تقریب پر جموں وکشمیر پولیس، نیم حفاظتی عملہ اور فوج کے اہلکار تعینات رہیں گے۔

سونمرگ ٹنل چالو ہونے سے پورے خطے بشمول لیہہ اور کرگل اضلاع کی سماجی ومعاشی ترقی کو بڑھاوا ملے گا۔ اس ٹنل کی بدولت سفر کے اوقات میں بھی کمی واقع ہوگی کیونکہ گاندربل ضلع میں گگن گیر اور سونمرگ کے درمیان مسافت طے کرنے میں محض 20 سے 25 منٹ لگیں گے۔ اس ٹنل کو کھولے جانے سے سونمرگ میں ملکی اور بین الاقوامی سیاحوں کی آمد میں اضافہ ہوگا اور یہ سونمرگ اور گگن گیر کے بیچ ہر موسم میں کام آنے والا سڑک رابطہ فراہم کرے گا۔

آکاشوانی نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے ٹنل پروجیکٹ کو روبہ عمل لانے والی ایجنسی نیشنل ہاویز اینڈ انفراسٹرکچر ڈیولپمنٹ کارپوریشن لمیٹیڈ کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر نرمان کشن نے ٹنل کے خدوخال اور اہمیت بیان کرتے ہوئے کہا۔

----Byte----(Nirman Kishan)

سونمرگ ٹنل کا افتتاح کئے جانے پر ہوٹل مالکان، تاجر اور مقامی لوگ کافی خوش اور پُر جوش ہے اور وہ گھریلو اور بین الاقوامی سیاحت میں بڑھاوے کی توقع رکھتے ہیں۔

آکاشوانی نیوز کے ساتھ ایسے کچھ لوگوں نے اپنے خیالات ظاہر کرتے ہوئے کہا۔

---------Byte---(Traders)-----

ٹنل کو کھولے جانے پر کشمیر چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر وائس پریذیڈنٹ عاشق حسین شنگلو نے خوشی ظاہر کی ہے۔

---------Byte---(Shangloo)-----

سونمرگ ٹنل کے افتتاح کے سلسلے میں پیش ہے ہمارے شعبہ خبر کے سربراہ طارق راتھر کی ایک خصوصی رپورٹ۔

------V/O---(Tariq Rather)--

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ سونہ مرگ ٹنل چالو ہونے سے سیلانیوں کو صحت افزا مقام سونہ مرگ سال بھر آنے جانے کا موقع ملے گا۔ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ اس ٹنل کی بدولت خاص کر علاقے کی وسیع آبادی کو موسم سرما کے دوران اقتصادی ترقی ملنے کے بھی امکانات پیدا ہونگے۔

یوتھ ڈے

آج نوجوانوں کا قومی دن ہے۔ یہ دن عظیم روحانی رہنما، فلسفی اور مفکر سوامی وویکانند کی یاد میں ہر سال 12 جنوری کو منایا جاتا ہے۔سوامی وویکانند کی متاثر کن زندگی اور بااختیار بنانے کا پیغام نوجوانوں کو اپنے خوابوں کو پروان چڑھانے اور اپنی توانائی کو بروئے کار لانے نیز اُن کے نظریات کے مطابق ایک بہتر مستقبل کو شکل دینے کی ترغیب دیتے ہیں۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے سوامی وویکانند کو اُن کی یوم پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے بھی سوامی وویکانند جی کی جینتی پر انہیں خراج عقیدت پیش کیا ہے اور نوجوانوں سے تاکید کی ہے کہ وہ سوامی جی کی انمول تعلیمات پر عمل کرتے ہوئے ایک خود کفیل اور ایک خود اعتماد بھارت تعمیر کرنے کے اُن کے مشن کیلئے اپنے آپ کو وقف کریں۔

مودی۔ یوتھ ڈے

دریں اثناء وزیر اعظم نریندر مودی نے نوجوانوں کے قومی دن کے موقعے پر نئی دلی میں وِکست بھارت ینگ لیڈرس مذاکرات میں شرکت کی۔انہوں نے اس موقعے پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کی طاقت جلد ہی بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنائے گا۔

یوتھ ڈے انٹرو

غور طلب ہے کہ نوجوانوں کا قومی دن ملک بھر کے میں سکولوں اور کالجوں میں منایا جاتا ہے، جن میں کئی پروگراموں، سیمناروں، مباحثوں اور مصوری کے مقابلوں کا انعقاد کرنے کے علاوہ نوجوانوں کی کامیاب داستانوں کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

جموں وکشمیر میں بھی نوجوانوں کی جدوجہد سے متعلق بہت ساری کامیاب کہانیاں موجود ہیں جنہوں نے سخت مشکلات جھیل کر مختلف شعبوں میں اپنا نام روشن کرکے کامیابی حاصل کی ہے۔کریری بارہمولہ کے ڈاکٹر اشفاق احمد نامی نوجوان جو فی الوقت بون اینڈ جوائنٹ اسپتال برزلہ سرینگر میں آرتھوپیڈکس میں ماسٹر آف سرجری کررہے ہیں، نے شعبہ خبر کے ساتھ بات کرتے ہوئے اپنی کامیابی کی داستان یوں بیان کی۔

-----Byte---(Dr.Ishfaq)-----

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔
خبریں آپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن اے آئی آر اور DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔
خبروں کے بلٹن اور شعبہ خبر کے پروگراموں سے متعلق آپ اپنی آرا اور تجاویز ہمارے ای میل ایڈرس akashvanisrinagarnews@gmail.com پر بھیج سکتے ہیں۔

Dy CM

نائب وزیر اعلیٰ سُریندر چودھری نے کہا ہے کہ لوگوں کے سماجی و معاشی منظر نامے میں بہتری لانے کے ساتھ ساتھ ہمہ جہت ترقی کو یقینی بنانا موجودہ سرکار کی اعلیٰ ترجیحات میں شامل ہیں۔ وہ آج آر ایس پورہ جموں میں ایک تقریب پر اظہار خیال کر رہے تھے جو جاٹ سبھا کی طرف سے منعقد کی گئی تھی۔
انہوں نے سرکار کی طرف سے لوگوں پر مرکوز پالیسی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ سرکار کسی بید باؤ کے بغیر مساوی بنیادوں پر ترقی کے اقدام عمل میں لا رہی ہیں۔

ستیش شرما

ٹرانسپورٹ اور امور نوجوان و کھیلوں کے وزیر ستیش شرما نے آج کھیلوں کے مرکزی وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا سے نئی میں ملاقات کی اور انکے ساتھ جموں و کشمیر کی مجموعی ترقی بالخصوص امور نوجوان و کھیلوں کے شعبے سے جڑے معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔
ستیش شرما نے کہا کہ کھیلوں کی مرکزی وزارت جموں و کشمیر کیلئے جو سرگرم اقدام کر رہا ہے اور متواتر حمایت دے رہا ہے اُسے خطے میں سپورٹس کے ایکو سسٹم کو نمایاں بہتری ملی ہے۔

نشہ مکت

ملکی سطح پر سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دینے کیلئے انفرادی و اجتماعی سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ منشیات کی لت کا قلع قمع کرنے کیلئے ملک بھر میں نشہ مکت بھارت ابھیان چلایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں وزیر اعظم کا پیغام۔

..................Byte......(PM)..................

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو منشیات کی لت سے دور رکھنے کیلئے سرکاری، غیر سرکاری و نجی سطح پر بہت سارے اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ اس تعلق سے سینٹرل ڈویژن کشمیر کے وائلڈ لائف وارڈن الطاف حسین نے شعبہ خبر کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے بتایا۔

......Byte......(Altaf Hussain)....

DC سرینگر

سرینگر ضلعے میں سمائل سکیم یعنی Support for Marginalised Individuals for liveli hood and Enterprise کے تحت کی بکھاریوں کی باز آبادکاری اور انہیں قومی دھارے میں شامل ہوکر ایک باعزت زندگی گذارنے کے مقصد سے ضلع کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے حول سرینگر میں نئے قائم کردہ ریہبلیٹیشن ہوم کا دورہ کیا ہے۔ یہ باز آبادکاری مرکز بیکھ مانگنے کے کام میں ملوث لوگوں کیلئے تشکیل دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے دورے کے دوران مذکورہ مرکز کا تفصیلی راؤنڈ لگا کر مختلف سہولیات کا معائنہ کیا۔ انہوں نے اس مرکز کے حکام کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ یہ قدم سمائل کے تحت ضلع میں بیکھ مانگنے کے مسئلے کو حل کرنے کیلئے اُٹھایا گیا ہے۔

-----Byte-----DC Sgr...

یہ بات قابل ذکر ہے کہ سرینگر، جموں وکشمیر میں ایسا پہلا ضلع بن گیا ہے جس نے سمائل سکیم کو نافذ کیا ہے۔ یہ سکیم معاشرے میں بکھاریوں کی باز آبادکاری کیلئے 2022 میں سماجی انصاف وتفویض اختیارات کی مرکزی وزارت نے شروع کی تھی۔

ٹی بی سٹوری

ملک میں تپ دق یعنی ٹی بی بیماری کے خاتمہ کیلئے ان دنوں 100 روز پر مشتمل ایک جامع مہم شدومد سے جاری ہے۔ اس مہم کے تحت ٹی بی کے مریضوں کو علاج ومعالجہ کی بہتر سہولیات فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ عام لوگوں میں اس بیماری سے متعلق بیداری پیدا کی جارہی ہے۔ وادی میں تپ دق کے کئی بیمار سامنے آکر اپنے علاج ومعالجہ کرا رہے ہیں اور وہ اب صحت یاب ہوکر معمول کی زندگی گذار رہے ہیں۔ ایسے ہی شفایاب ہونے والے مریضوں کے تاثرات۔

............Byte......(Patients)...........

اِسرو

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو نے ڈاکنگ سے پہلے Spadex پروگرام کے تحت اپنے دو سیٹالائٹوں کو ایک سطح پر لانے میں نمایاں کامیابی حاصل کی ہے۔ اِسرو، چیزر اور ٹارگٹ سیٹالائٹوں کو تین میٹر کی دوری پر لانے اور بعد میں انہیں پھر سے محفوظ فاصلے تک پہنچانے میں کامیاب رہی ہے۔ ان سٹالائٹس پر لگے ہوئے کیمروں سے لی گئی تصویریں بھی اِسرو نے جاری کی ہیں۔

جے شنکر

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر امریکہ کے 47ویں صدر کی حیثیت سے ڈونالڈ ٹرمپ کی حلف برداری کی تقریب میں بھارت سرکار کی نمائندگی کریں گے۔ڈونالڈ ٹرمپ کو اس مہینے کی20 تاریخ کو امریکہ کے صدر کی حیثیت سے حلف دلایا جائے گا۔

کنبھ وانی

اُتر پردیش کے عارضی ضلع مہا کنبھ نگر میں کل یعنی 13 جنوری سے 26 فروری تک جاری رہنے والے مہا کنبھ میلے کیلئے تمام تیاریاں مکمل کی گئی ہیں۔اُتر پردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے اس سلسلے میں کنبھ وانی چینل کی شروعات کی ہے۔انہوں نے کہا کہ کنبھ وانی نہ صرف اپنی مقبولیت کو بلندیوں تک پہنچائے گا بلکہ یہ مہا کنبھ کے جذبے کو دور دراز علاقوں تک پہنچانے میں بھی مدد کرے گی۔

..................Byte......(Kumbh vani)................

تعزیت

ایک سابق سینئر صحافی اور سینٹرل یونیورسٹی جموں کے ماس کیمونکیشن شعبے کے موجودہ اُستاد اشونی کمار کی اہلیہ سُنیتا چندرا کا کل نئی دلی میں انتقال ہوگیا ہے۔61 سال کی سُنیتا چندرا طویل عرصے سے بیمار تھی اور انہوں نے ایمز نئی دلی میں کل شام آخری سانس لی۔مرحومہ ایک سماجی کارکن تھی جنہوں نے داموِدھرستی اُدھیوگ سنستھا کے تحت پہل پروجیکٹ میں اپنی خدمات انجام دی ہیں۔

پچھلے کئی سالوں سے سُنیتا نے جموں سمیت ملک کے مختلف حصوں میں 2 ہزار سے زائد پسماندہ طبقوں کے بچوں کو تعلیم فراہم کرنے میں مدد کی ہے۔انکی آخری رسومات آج بھگوتی نگر کے شمشان گھاٹ میں انجام دی گئیں۔

دریں اثناء وادی کشمیر سے تعلق رکھنے والے صحافیوں کی ایک بڑی تعداد کے ساتھ ساتھ پریس کلب جموں اور سرینگر کے آکاشوانی نیوز یونٹ نے اشونی کمار کے ساتھ دلی تعزیت ظاہر کرتے ہوئے انکی مرحوم اہلیہ کے روح کی شانتی کیلئے دعا کی ہے۔

موسم

محکمہ موسمیات کی اطلاع کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24 گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش یا انتہائی ہلکی برفباری کی پیشگوئی ہے۔

سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 10 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت منفی 3 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 19 ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10 اعشاریہ 5 ڈگری سیلسیس تھا۔

سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح 7 بجکر 37 منٹ پر اور
غروب آفتاب شام 5 بجکر 41 منٹ پر ہوگا۔
اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔
خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے
کل صبح 7 بجکر 45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہوگا۔
ہمیں دیجئے اجازت// خدا حافظ۔